20465- عمرہ میں ماہواری ختم ہونے کا انتظار کرنا چاہیے

سوال

میں اپنے اہل وعیال کے ساتھ عمرہ کے لیے گیا جب جدہ پہنچے تو میری بیوی کو ماہواری شروع ہوگئی میں نے اکیلے ہی عمرہ ادا کیا تو اب میری بیوی کے لیے کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

آپ کی بیوی کے لیے حکم یہ ہے کہ وہ ماہواری ختم ہونے کا انتظار کرے اور پھر اپنے
عمرہ کی قضا کرے کیونکہ جب صفیہ رضی اللہ تعالی عنہا کو حیض آیا تو نبی صلی اللہ
علیہ وسلم انہیں فرمانے لگے ، کیا وہ ہمیں روکنے والی ہے ۔

لھذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان اس کی دلیل ہے کہ طواف افاضہ کرنے سے
قبل اگر اسے حیض آجائے تو وہ انتظار کرے گی اور جب ختم ہو تو پھر طواف کرے گی ، اور
اسی طرح عمرے کا طواف بھی طواف افاضہ جیسا ہی ہے کیونکہ یہ عمرے کا رکن ہے ۔

اس لیے اگر اسے طواف سے قبل حیض آجائے تو وہ پاک ہونے تک انتظار کرے گی ، جب پاک
ہوجائے تو پھر عمرہ کرے ۔ .